امام اہل سنت امام نسائی بھی ایک عجیب ہستی ہیں۔ صاحب استقصاء الافحام نے صفحہ ۱۰۰ میں ان کے بارے علماء اہل سنت کی کتب سے ایسی کرامت نقل کی ہے کہ ان امیر المومنین فی الحدیث کی چار بیویاں تھیں، اور شاہ سلامت اللہ نے اپنی کتاب معرکہ الآراء میں انکی فضیلت کثرت جماع کو انکا طعن اور انکے لیئے باعث استہزا قرار دیا ہے اور شاہ عبد العزیز نے انکے زیادہ جماع کرنے کو انکے لیے شرف شمار کیا ہے۔

امام نسائی صاحب بزرگان اہل سنت کے حق میں بدزبان تھے

ثبوت منقول از استقصاء الافحام ص ۱۰۷۵ کتاب اہل سنت کاشف لامام ذہبی کے حاشیہ میں ذکر احمد بن صالح مصری میں لکھا ہے کہ ابو حاتم نے احمد بن صالح مصری کی توثیق کی ہے مگر امام نسائی نے وصفہ بالکذب والوضع کہ انکو جھوٹ بولنے کی صفت سے متصف فرمایا ہے۔ اور نسائی کی اس بدزبانی کو امام سبکی نے خوب نوٹس لیا ہے کہ جو کچھ ابن ابی ذئب نے مالک کے حق میں اور ابن معین نے شافعی کے حق میں اور نسائی نے امام احمد بن صالح کے حق میں بکواس کی ہے وہ سب جھوٹ ہے۔ اور میزان الاعتدال ذکر احمد بن صالح میں لکھا ہے کہ امام نسائی کثیر الجماع کو احمد بن صالح نے اپنے درس میں بیٹھنے سے روک دیا تھا اسی لیئے امام نسائی نے انکی مذمت کی ہے۔ خلاصہ علماء اہل سنت نے ایک دوسرے کے حق میں خوب ...

صحیح نسائی کی چند غلطیاں نمونہ کے طور پر ملاحظہ ہوں

۱۔ منقول از استقصاء الافحام ص ۱۰۴۶ ابن قیم نے زاد المعاد میں لکھا ہے فی سنن ابی داود والنسائی عن عائشۃ ان النبی اخر طواف یوم النحر الی اللیل وھذا الحدیث غلط بیّن خلاف المعلوم من فعلہ الذی لا یشک فیہ اھل العلم بحجیتہ۔ ترجمہ :- امام نسائی نے عائشہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم نے روز دہم ذی الحجہ طواف کو رات تک مؤخر کیا اور مؤخر فرمایا تھا اور یہ حدیث عائشہ واضح طور پر غلط ہے اور نبی کے جس فعل کی حجیت معلوم ہے اسکے خلاف ہے۔

۲۔ امام نسائی نے یہ حدیث نقل کی ہے کہ فسخ حج بعمرہ صرف اصحاب کے لئے ہے اور زاد المعاد میں ابن قیم نے اس کو بھی غلط قرار دیا ہے کیونکہ وقت مجبوری حج کو عمرہ مفردہ میں تبدیل کرنا ہمیشہ کے لئے ہے اور تمام لوگوں کے لئے ہے۔

۳۔ امام نسائی نے یہ حدیث نقل کی ہے کہ نبی کریم نے مقام ذات عرق کو اہل عراق کے لئے وقتی طور میقات مقرر فرمایا تھا اور ولی الدین ابو زرعہ نے شرح احکام صغری میں لکھا ہے کہ یہ حدیث بھی حدیث شاذ ہے۔

نوٹ : ارباب انصاف قوم معاویہ خیال ہے جو صحاح ستہ گھڑی ہیں اس میں قدم قدم پر غلطیاں ہیں اور جس قوم کا ذخیرہ حدیث غلط ہو اس کی فقہ تو ایسے ہی غلط ہوگی مذہب نہ ان کی اور نہ ہی تحریر ہ کی۔

سنن ابن ماجہ بھی جھوٹ کا پلندہ ہے اور نواصب کے لئے رسوائی کا باعث ہے

منقول از استقصاء الافحام صفحہ ۹۲۔ ابن خلکان نے وفیات الاعیان میں
ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی کے بارے میں لکھا ہے کہ کان اماما
فی الحدیث کہ ابن ماجہ حدیث میں امام تھا اور عبدالحق نے
رجال مشکوٰۃ میں اور شاہ عبدالعزیز نے بستان المحدثین
میں بھی اس کو صحاح ستہ میں شمار کیا ہے مگر افسوس کہ اہل سنت
نے اپنے اس اتنے بڑے امام کی بھی خوب مٹی پلید کی ہے کتاب
المغنی والی الاوفیات میں علامہ الدین مغلطائی نے ذکر محمد
بن یزید ابن ماجہ میں لکھا ہے قال الشیخ شمس الدین
انما غض رتبة کتاب ابن ماجہ بروایتہ احادیث منکرۃ یعنی
کہ سنن ابن ماجہ کے رتبہ کو مولف نے جھوٹی حدیثیں ذکر
کرکے درجہ گرا دیا ہے۔ اور میزان الاعتدال میں ذکر
داؤد بن المحبر میں ذہبی نے لکھا ہے کہ حدیث ہے کہ ایک شہر
قزوین بھی فتح ہوگا اور جو شخص چالیس راتیں اس میں مرابطہ
کرے گا اسے جنت میں محل ملے گا اس کے بعد لکھا ہے فلقد شان ابن
ماجہ سننہ بادخالہ ہذا الحدیث الموضوع فیہا اور ابن ماجہ نے اپنی
سنن میں یہ حدیث درج کرکے سنن کو عیب دار کر دیا ہے کیونکہ
یہ حدیث جھوٹی ہے۔ نوٹ: اور جس مذہب کی بنیاد غلط احادیث
پر ہوگی وہ مذہب اور اس کی فقہ بھی جھوٹی ہوگی فقہ دیوبند کی بنیاد
صحاح ستہ ہے پس فقہ دیوبند بھی جھوٹی ہے۔

امام احمد بن حنبل ناصبی ہے اور اسکی مسند میں بھی ضعیف موجود ہے

منقول از استقصاء الافحام صفحہ ۱۰۲۰ ابن حجر عسقلانی کے استاد زین الدین عراقی کو فرمان بیعتہ التذکرہ میں لکھا ہے: وقال العراقی وجود الضعیف فی مسند احمد محقق بل ان فیہ احادیث موضوعۃ جمعتہا فی جزء۔ عراقی کہتا ہے کہ ضعیف حدیث کا مسند میں وجود موجود ہے بلکہ اس میں علاوہ موضوع بھی ہیں جن کو میں نے جمع کیا۔

احمد بن حنبل کی ناصبیت کا ٹھوس ثبوت ہے

منقول از استقصاء الافحام صفحہ ۱۰۸۲ ابن تیمیہ منہاج السنہ میں لکھتا ہے کہ حضرت علیؑ کا مالک اشتر اور صحابہ ہے انکی بغاوت کے بعد جنگ کرنا ایک فتنہ تھا۔ اور جو لوگ اس جنگ میں شامل نہیں ہوئے انہوں نے بہت اچھا کیا ہے وھذا مذھب مالک و احمد بن حنبل والاوزاعی بل والثوری الخ اور معاذ اللہ حضرت علیؑ کی جنگ کو غلطی پر سمجھنا مالک اور احمد بن حنبل اور اوزاعی اور ثوری کا قول ہے۔ اور امام اہل سنت شاہ عبدالعزیز نے تحفہ میں لکھا ہے کہ حضرت علیؑ اپنی تمام جنگوں میں حق پر تھے اور فقط المخطئ انجناب کے مخالف تھے۔

نوٹ: جو علماء اہل سنت ہمارے شیعوں کی کفر کے بارے میں مغالطے کی کوشش فرماتے ہیں اور اپنی قرآن و کتب اور احادیث کو موجود بناتے ہیں ہمارے پیش کردہ حوالہ جات انکے لیے دعوت فکر ہے

احادیث کتب شیعہ کے راوی جنکی صداقت و سچائی کے علماء

اہل سنت نے گیت گائے ہیں

ارباب انصاف اب ہم نمونہ کے طور پر آپکے سامنے ان راویوں کا ذکر کرتے ہیں کہ جنکے شیعہ ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے اور سنی علماء نے انکی سچائی کی گواہی دی ہے اور انکی احادیث کو قبول کیا ہے۔

سچ ہے الفضل ما شہدت بہ الاعداء

فضیلت وہ ہے جسکی گواہی دشمن دیتے ہیں اختصار کی مجبوری ہے اس لئے ہم انکی فہرست پیش کرتے ہیں۔

۱- ابان بن تغلب الکوفی شیعہ تھا اور احمد بن حنبل نے انکی توثیق کی ہے میزان اعتدال ص ۵ ملاحظہ ہو۔

۲- ابراہیم بن یزید بن عمرو الکوفی بخاری اور مسلم نے اس سے حدیث لی ہے اور ابن قتیبہ نے المعارف میں انکے شیعہ ہونے کی گواہی دی ہے اور المعارف ص ۲۰۶ ذکر رجال شیعہ۔

(۳) احمد بن المفضل الحفری شیعہ تھا اور ابوداود و رفائی نے اس سے حدیث لی ہے میزان ص ۱۵۰ (۴) اسماعیل بن ابان الازدی بخاری استاد کہ جس سے حدیث لی اصول سنی علماء کے شیعہ بھی تھا اور سچا بھی میزان ص ۲۱۲

(۵) اسماعیل بن خلیفہ الملائی شیعہ تھا عثمان پر تنقید کرتا تھا ترمذی نے اسے حدیث لی ہے میزان ص ۲۴۶ المعارف ص ۔ ذکر رجال شیعہ

(۶) اسماعیل بن زکریا الاسدی مسلم اور بخاری نے اس سے حدیث لی ہے شیعہ بھی اور سچا بھی تھا میزان ص ۲۳۰/۱

(۷) اسماعیل بن عباد المعروف بالصاحب عباد الطالقانی ابوداود اور ترمذی نے اس سے حدیث لی ہے میزان ص ۲۳۴/۱

(۸) اسماعیل بن عبدالرحمٰن المعروف بالسدی شیعہ تھا اور ثوری۔ اور مسلم نے اس سے حدیث لی ہے میزان ص ۱۳۶/۱

(۹) اسماعیل بن موسیٰ الفزاری شیعہ تھا ابوداود اور ترمذی نے اس سے حدیث لی ہے نسائی نے بھی اس کی توثیق کی ہے میزان ص ۲۵۱/۱

(۱۰) تلید بن سلیمان الاعرج شیعہ تھا اور ترمذی نے اس سے ص ۳۵۸/۱ حدیث لی ہے۔ اور احمد اور ابن نمیر نے بھی اس کی حدیث لی ہے میزان۔

(۱۱) ثابت بن دینار المعروف ابی حمزۃ الثمالی معروف شیعہ تھا۔ ترمذی نے اس سے حدیث لی ہے میزان الاعتدال ص ۳۶۳/۱

(۱۲) جابر بن یزید الجعفی کوفی شیعہ تھا اور ابوداود اور ترمذی نے اس سے حدیث لی ہے ص ۳۷۹/۱

(۱۳) ثویر بن ابی فاختہ الجہم مولیٰ ام ہانی بنت ابی طالب شیعہ اور صدوق تھا ترمذی نے اس سے روایت کو لیا ہے میزان ص ۳۷۵/۱

(۱۴) جریر بن عبدالحمید الضبی ابن قتیبہ نے انکو رجال شیعہ سے شمار کیا ہے بقول ذہبی صدوق ہے میزان الخ ص ۳۹۴/۱

(۱۵) جعفر بن زیاد الاحمر شیعہ ترمذی اور نسائی نے اسکی احادیث سے احتجاج کیا ہے سفیان ثوری نے اسکی توثیق کی ہے میزان الخ۔

(۳۶) سلیمان بن صرد الخزاعی ابیسبہ التوابین کی الشیعہ بعنوان امام حسینؑ کا بدلہ لیں اور شہید ہو گئے مسلم اور بخاری کے رواۃ سے ہے طبقات ابن سعد

(۳۷) سلیمان بن طرخان شیعہ تھا مسلم کا راوی ہے معارف ابن قتیبہ

(۳۸) سلیمان بن قرم الضبی شیعہ تھا مسلم کا راوی میزان ص ۲

(۳۹) سلیمان بن مہران الاعمش شیعہ تھا ثقہ تھا میزان ص ۲۲۴

(۴۰) شریک بن عبداللہ صدوق ثقہ میزان ص ۲۷۰/۲

(۴۱) شعبہ بن حجاج مسلم اور بخاری کے رواۃ سے ہے المعارف ص

(۴۲) صعصعہ بن صوحان ثقہ معروف میزان ۔ اصابہ

(۴۳) طاؤس بن کیسان شیعہ تھا مسلم و بخاری کے رواۃ سے ہے المعارف

(۴۴) ظالم بن عمرو ابو الاسود الدؤلی ثقہ شیعہ الاصابہ ص

(۴۵) عامر بن واثلہ ابوطفیل شیعہ تھا ثقہ تھا الاستیعاب

(۴۶) عباد بن یعقوب الاسدی صادق فی الحدیث میزان ص

(۴۷) عبداللہ بن داؤد الهمدانی شیعہ رواۃ بخاری سے ہے المعارف

(۴۸) عبداللہ بن شداد کان ثقہ متشیعا ۔ الطبقات لابن سعد ص ۴۴

(۴۹) عبداللہ بن عمر بن ابان صدوق فی الحدیث میزان ص ۲۳۴

(۵۰) عبداللہ بن میمون القداح شیعہ تھا ترمذی کے رواۃ سے ہے میزان ص ۵۱۳/۲

(۵۱) عبداللہ بن لہیعہ قاضی مصر شیعہ تھا رواۃ مسلم سے ہے میزان ص ۴۷۵/۲

(۵۲) عبدالرحمٰن صالح الازدی شیعہ تھا رواۃ نسائی سے ہے میزان ص ۵۷۹/۲

(۵۳) عبدالرزاق بن ہمام من الاعلام الثقات اور شیعہ تھا میزان ص ۶۰۹/۲

(۵۴) عبدالملک بن اعین شیعہ تھا اور صالح الحدیث تھا میزان ص ۶۵۱/۲ ۔

(۵۵) عبید اللہ بن موسیٰ العبسی شیخ البخاری ثقہ تھا میزان ص ۱۶/۲

(۵۶) عثمان بن عمیر رواۃ ابو داؤد سے ہے اور ترمذی سے میزان ص ۲/۲

(۵۷) عدی بن ثابت الکوفی رواۃ مسلم و بخاری سے ہے اور شیعہ بھی تھا میزان ص ۲/۲

(۵۸) عطیہ بن سعد رواۃ ابو داؤد و ترمذی کا ہے اور شیعہ ہے میزان

(۵۹) العلاء بن صالح رواۃ ترمذی سے اور شیعہ سے تھا میزان ص ۱۹۱/۲

(۶۰) عقبہ بن قبیصہ رواۃ مسلم اور بخاری سے اور شیعہ سے تھا طبقات ص ۵۷/۲

(۶۱) علی بن بذیمہ شیعہ تھا اور ثقہ تھا میزان ص

(۶۲) علی بن الجعد شیخ البخاری شیعہ اور ثقہ تھا المعارف میزان

(۶۳) علی بن زید بن عبد اللہ شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۱۲۷/۲

(۶۴) علی بن صالح اخو حسن بن صالح شیعہ تھا مسلم کے رواۃ سے تھا میزان ص ۲۳۲/۲

(۶۵) علی بن غراب ابو یحییٰ الفزاری صدوق عند ابو زرعہ اور شیعہ تھا میزان

(۶۶) علی بن قادم ابو الحسن صدوق ثقہ و شیعہ میزان ص ۱۵۶/۲

(۶۷) علی بن المنذر الطریقی شیخ ترمذی و نسائی شیعہ صدوق میزان ص ۱۵۷/۲

(۶۸) علی بن ہاشم بن البرید ثبت شیعہ میزان ص ۲۶۰/۲

(۶۹) عمار بن زریق شیعہ اور مسلم و نسائی و ابو داؤد کے رواۃ سے تھا میزان۔

(۷۰) عمار بن معاویہ الدہنی ثقہ احمد اور شیعہ بھی تھا میزان ص ۱۶۳/۲

(۷۱) عمرو بن عبد اللہ ہمدانی ثقہ اور شیعہ تھا المعارف ص میزان

(۷۲) عوف بن ابی جمیلہ شیعہ اور صدوق میزان ص

(۷۳) الفضل بن دکین شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۳۵۰/۲

(۷۴) فضیل بن مرزوق الاغر شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۳۹۲/۲

(۷۵) فطر بن خلیفہ الحناط شیعہ اور ثقہ عالم الحدیث تھا میزان

(۷۶) مالک بن اسماعیل النہدی شیخ البخاری شیعہ تھا میزان ص ۴۲۳/۳

(۷۷) محمد بن حازم الضریر شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۴۳۳/۳

(۷۸) محمد بن عبداللہ الضبی النیشاپوری - ابو عبداللہ الحاکم امام الحفاظ والمورخین امام صدوق شیعی تھا مشہور میزان ص ۶۰۸/۳

(۷۹) محمد بن عبیداللہ المدنی شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۶۳۳/۳

(۸۰) محمد بن فضیل بن غزوان - شیعہ اور صدوق تھا مشہور میزان ص ۹/۴

(۸۱) محمد بن مسلم بن الطائفی مشہور شیعہ تھا - ابن معین نے اسکی توثیق کی ہے، مسلم کی کتاب وضو میں اسکی حدیث موجود ہے میزان ص ۴۰/۴

(۸۲) محمد بن موسیٰ الفطری شیعہ اور رواۃ مسلم اور ترمذی سے تھا میزان

(۸۳) معاویہ بن عمار الدہنی مشہور شیعہ تھا اور مسلم اور نسائی نے اسکی حدیث کو لیا ہے مسلم کتاب الحج ملاحظہ ہو۔

(۸۴) معروف بن خربوذ الکرخی - صدوق شیعی میزان ص ۱۴۴/۴

(۸۵) منصور بن المعتمر السلمی شیعہ عابد زاہد صدوق تھے الطبقات ص ۲۳۵/۶

(۸۶) المنہال بن عمرو شیعہ تھا اور رواۃ بخاری سے ہے میزان ص ۱۹۲/۴

(۸۷) موسیٰ بن قیس الحضرمی شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۲۱۸/۴

(۸۸) نفیع بن الحارث ہمدانی شیعہ تھا رواۃ ترمذی سے ہے میزان ص ۲۷۲/۴

(۸۹) نوح بن قیس الحدانی شیعہ اور عالم الحدیث تھا میزان ص ۲۷۹/۴

(۹۰) ہارون بن سعید العجلی شیعہ تھا اور ثقہ تھا میزان ص ۲۸۳/۴

(۹۱) ہاشم بن البرید بن زید شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۲۸۸/۴

(۹۲) ہبیرہ بن بریم الحمیری شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۲۹۴/۳

(۹۳) ہشام بن زیاد ابو المقدام البصری شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۲۹۸/۳

(۹۴) ہشام بن عمار شیخ البخاری شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۲۴۲/۳

(۹۵) ہشیم بن بشیر ابو معاویہ سلمی مسلم و بخاری کے روات سے تھا شیعہ تھا میزان

(۹۶) وکیع بن الجراح رافضی اور رواۃ بخاری سے ہے میزان ص ۳۳۵/۳

(۹۷) یحیی بن الجزار العرنی شیعہ ثقہ اور صدوق تھا میزان ص ۳۴۶/۳

(۹۸) یحیی بن سعید القطان شیعہ اور ثقہ تھا۔ المعارف ص

(۹۹) یزید بن ابی زیاد الکوفی شیعہ اور ثقہ تھا میزان ص ۳۲۳/۳

(۱۰۰) ابو عبد اللہ الجدلی شیعہ اور ثقہ تھا طبقات ص ۱۵۹/۶

علماء اسلام کو دعوت فکر دیانت اور انصاف کی رو سے

ارباب انصاف جن علماء اہل سنت کا فسق و فجور کیسا نے ذکر کیا ہے انکی تفصیل کے لئے کتاب استقصاء الافحام در جواب منتہی الکلام مؤلف علامہ میر سید حامد حسین رحمۃ اللہ ملاحظہ کریں ہمارے اس عالم نے یہ کتاب لکھ کر ناصبیت کے تابوت میں آخری میخ ٹھونک دی ہے اور جن علماء شیعہ کی کیسا نے تعدیل اور توثیق ذکر کی ہے انکی تفصیل کے لئے کتاب المراجعات مؤلف سید عبد الحسین شرف الدین موسوی ملاحظہ کریں یہ کتاب بھی ناصبیت کی شکست کی مظہر ہے۔ رواۃ شیعہ کی توثیق اور تعدیل کے لئے آپ میزان الاعتدال اور کتاب المعارف اور طبقات الجزری و اصابہ و استیعاب کتب اہل سنت کی طرف رجوع فرمادیں ہماری یہ فہرست طلباء علم مناظرہ کے لئے بحمد اللہ راستہ کا صرف نشان راہ کا کام دیں گی۔

حضرت زرارہ بن اعین احادیث کتب شیعہ کے راوی کی توثیق

مولوی محمد علی بلال آفتمی نے اپنے مذہب اور اپنے خلفاء کے سیاہ کارناموں
پر پردہ ڈالنے کے لئے ایک عجیب سہارا لیا ہے کہ ایک راوی کی احادیث کتب
شیعہ جناب زرارہ بن اعین پر جرح اور تنقید کر کے شیعہ مذہب کو باطل
ثابت کرنے کی ناکام کوشش کی ہے۔ اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ڈوبتے
ہوئے کو تنکے کا سہارا۔ مگر جناب زرارہ پر جھوٹے الزامات لگانے سے
خباثت کی گرتی ہوئی دیوار کو سہارا نہیں مل سکتا۔ اور
اب ہم جناب زرارہ کی صفائی پیش کرتے ہیں اور دیوبندی احباب
کو ہم یہ دعوت دیتے ہیں کہ ان کی صفائی پیش کریں۔ شیعوں کی کتاب
معجم رجال الحدیث ص ۲۲۷ باب الزاء ذکر زرارہ
مؤلف آیت اللہ سید ابوالقاسم خوئی دام ظلہ میں لکھا ہے اختصار کے
مدنظر ترجمہ ہی پیش خدمت ہے کہ عبداللہ بن زرارہ سے امام جعفر
صادق نے فرمایا کہ اقرأ منی علی والدک السلام کہ اپنے والد کو ہماری
طرف سے سلام پہنچانا اور کہنا کہ انی انما اعیبک دفاعا منی
عنک کہ ہم تیری حفاظت کی خاطر تم پر عیب لگاتے ہیں۔ ہم
آل محمد جس کو اپنے قریب کرتے ہیں اور جس کی تعریف
کرتے ہیں لوگ اس کو اذیت دیتے ہیں اور ہم جس کی مذمت کرتے
ہیں لوگ اس کی تعریف کرتے ہیں اور تو اے زرارہ ہم آل
محمد کی محبت رکھنے میں مشہور ہے اس لئے لوگوں کو تجھ سے
نفرت ہے اور وہ تیری مذمت کرتے ہیں۔

فاردت ان اعیبھا یحمد وا امرلک فی الدین

یعنی میں نے تم کو عیب دار بنانا پسند کیا تاکہ لوگ تیری تعریف کریں اور اسی حیلہ سے ہم تجھکو لوگوں کے شر سے بچا سکیں۔

کسی شی کی حفاظت کی خاطر اسکو عیب دار کرنا جائز ہے

رب تعالیٰ نے قرآن پاک میں جناب موسیٰ اور حضرت خضر نبی کے قصہ میں فرمایا ہے کہ حضرت خضر نبی نے غریب ملاحوں کی جو یتیم و سالم کشتی تھی سوراخ کر کے عیب دار کر دیا بعد میں جب حضرت موسیٰ نے وجہ پوچھی تو جناب خضر نے فرمایا کہ ایک بادشاہ جو کشتیاں یتیم و سالم ہوتی انکو غصب کرتے ہوئے اڑا دیتا ہے اس نے ان غریب اور مسکین ملاحوں کی کشتی میں سوراخ کر کے اسکو عیب دار کر دیا تاکہ اس کشتی کو عیب دار سمجھ کر وہ بادشاہ اسکو غصب نہ کرے اور چھوڑ دے اور یہ قصہ اس آیت میں موجود ہے۔

اما السفینۃ فکانت لمساکین یعملون فی البحر فاردت ان اعیبھا وکان ورائھم ملک یاخذ کل سفینۃ غصبا۔

یعنی جس طرح اس کشتی کو ایک نبی نے عیب دار کیا تاکہ وہ غصب ہونے سے بچ جائے اسی طرح زرارہ کو مذمت کے عیب سے عیب دار کیا گیا تاکہ وہ نواصب اشرار کی اذیت سے بچ جائے

باقی رہے گی اور اب ہم مذکورہ کتب کی عبارات نقل کرکے سنی بھائیوں کو دعوت انصاف دیتے ہیں

فتوحات مکیہ کی عبارت | سنی ملاں درباری بن کر سلاطین کے ہاتھوں بک گئے

واعلم انه لما غلبت الاهواء على النفوس وطلبت العلماء المراتب عند الملوك تركوا المحجة البيضاء وجنحوا الى التأويلات البعيدة ليمشوا اغراض الملوك فيما لهم هوى نفس ليستندوا في ذالك الى امر شرعي مع كون الفقيه ربما لا يعتقد ذالك ويفتي به وقد رأينا منهم جماعة على هذا من قضاتهم وفقهائهم۔

ترجمہ: جان تو کہ جب خواہشات بد طبعیتوں پر غالب آگئیں اور سنی علماء نے بادشاہوں کے دربار میں عہدے طلب کئے تو انھوں نے دین حق کا روشن راستہ چھوڑ دیا اور تاویلات کی بیماریاں کھول دیں تاکہ بادشاہوں کی غرضیں پوری اور ان چیزوں کو انھوں نے شریعت ٹھہرایا باوجودیکہ وہ علماء خود ان کے شریعت ہونے کا عقیدہ نہ رکھتے تھے اور نہ ہی ان پر فتویٰ دیتے تھے اور ان کے قاضی اور مفتیوں کی ایک جماعت کو ہم نے خود اس بڑی حالت اور بد دیانتی پر دیکھا ہے۔

نوٹ: ارباب انصاف سنی علماء اور فقہاء کے بد دیانت ہونے کے بارے میں یہ نظریہ ابن محی الدین عربی کا ہے کہ جس کے بارے شرح مسلم الثبوت میں بحر العلوم نے لکھا ہے اس پر ولایت کا خاتمہ ہے اور مذکورہ عبارت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ سنی ملاں درباری پیچھے بن گئے اور عہدوں کی خاطر دین بیچ ڈالا اور جھوٹے فتوے دیئے اور جب فقہ حنفیہ کے بانیوں کا یہ حال ہے تو ان کی [illegible]

بقول غزالی سنی فقہاء و علماء حرام خور اور بدکردار بن گئے

احیاء العلوم کی عبادۃ

فمنهم فرقة اقتصروا على علم الفتاوى وخصصوا اسم الفقه بها وربما ضيعوا مع ذالك الاعمال الظاهرة والباطنة ولم يحبسوا اللسان عن الغيبة ولا البطن عن الحرام ولا الرجل عن المشى الى السلاطين ولم يحرسوا قلوبهم عن الكبر والحسد والرياء آخر تک

ترجمہ: امام اہل سنت غزالی ایرانی مجوسی فرماتے ہیں کہ اہل سنت علماء میں ایک گروہ ایسا ہے جس نے فتاوی کو علم الفقہ سمجھ لیا اور اس کے ساتھ اپنے ظاہری اور باطنی اعمال کو برباد کر لیا اور انہوں نے اپنی زبان کو برائی اور غیبت کرنے سے نہیں روکا اور اپنے پیٹوں کو حرام کھانے سے منع نہیں کیا اور اپنے پاؤں کو بادشاہوں کی طرف جانے سے اور اپنے دلوں کو تکبر، غرور، حسد و کینہ اور ریاکاری سے نہیں روکا۔ یہ ان لوگوں نے علم اور عمل دونوں طرح سے دھوکہ کھایا۔ علم کے لحاظ سے یوں کہ انہوں نے فتاوی کو علم سمجھا اور قرآن و حدیث کو چھوڑ دیا اور محدثین کو گدھا سمجھا۔

نوٹ: ارباب انصاف سنی فقہاء کی مذمت کا امام اہل سنت امام غزالی نے حق ادا کر دیا ہے یہ وہ غزالی ہے جو یزید کو اچھا سمجھتا ہے مگر اہل سنت فقہاء انہیں کے نزدیک یزید کمینے سے بھی زیادہ برے ہیں اور شیعان علی سنی فقہاء کی اس مذمت اور ٹھکائی پہ جو غزالی کے ہاتھوں ہوئی ہے بہت خوش ہیں کیونکہ یہ فقہاء اہل سنت دشمنان خاندان نبوت تھے خدا نے ان کو اسی دنیا میں ذلیل کیا ہے اور ایک دوسرے کے ہاتھوں ان کو جوتے مروائے ہیں۔ خلاصہ یہ ہیں سنی فقہاء جو جوتوں میں دال بانٹ رہے ہیں۔ فقہ حنفیہ بلے بلے۔

ناقل کبیر کی عبارت (سنی فقہاء نعمان کی خاطر قرآن و حدیث کی مخالفت کرتے ہیں

فطائفۃ قد تعصبو فی الحنفیۃ تعصبا شدیدا وان وجدوا حدیثا صحیحا علیٰ خلافہ اخرجوہ۔

ترجمہ: فاضل لکھنوی فرماتے ہیں کہ ایک گروہ فقہاء اہل سنت کا ایسا ہے کہ جو اپنی حنفیت میں سخت تعصب کرتے ہیں حتیٰ کہ اگر ان کے مذہب کے خلاف حدیث صحیح ہو تو اس کو اس لئے نہیں مانتے کہ چونکہ نعمان نے اس حدیث کو نہیں مانا۔

نوٹ: مذکورہ عبارت اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ سنی فقہاء اپنی حنفیت کی خاطر فرمان رسول اللہ کی مخالفت کرکے گستاخ رسالت ہیں۔

سنی فقہاء فتاوی میں امام اعظم کے خلاف جھوٹ بولتے ہیں

میزان الکبریٰ کی عبارت (فان مذھب الامام حقیقۃ ھو ما قالہ ودام علیہ الی ان مات لا ما فھمہ اصحابہ من کلامہ فقد لا یرضی الامام ذالک الامر الذی فھموہ من کلامہ ولا یقول بہ لو عرضوہ علیہ آخر

ترجمہ: سنی فقہاء اپنے نعمان کے اصحاب سے ایک مسئلہ گھڑ کر اس کو نعمان کا مذہب بنا لیتے ہیں اور ہٹ دھرمی ہے۔ امام اعظم کا مذہب وہ قول ہے جو اس نے اختیار کیا ہو اور اپنی موت تک اس قول سے رجوع بھی نہ کیا ہو۔ اور امام کا مذہب وہ قول نہیں ہے جو اس کے اصحاب نے اس کے کلام سے سمجھا ہو اور خود امام نے نہ کہا ہو۔ بعض دفعہ ایسے قول کو اگر وہ امام کی خدمت میں پیش کرتے تو امام اس کو قبول نہ کرتا۔ پس معلوم ہو گیا جو کہ ایسے قول کی امام

کی طرف نسبت دے جو امام کے کلام سے سمجھا گیا ہو وہ سنی مذہب سے جاہل ہے بلکہ ابو جہل ہے۔

حجۃ اللہ البالغہ: انی وجدت بعضہم یزعم ان جمیع ما یوجد فی هذه الشروح الطويلة وكتب الفتاوى الضخمة ... هو قول ابی حنیفۃ وصاحبیہ ولا یفرق بین القول المخرج وبین ما هو قول فی الحقیقۃ

ترجمہ: شاہ ولی اللہ لکھتا ہے کہ میں نے بعض لوگوں کو دیکھا کہ وہ خیال کرتے ہیں کہ ان بڑی بڑی کتب فتاوی میں جو کچھ لکھا ہے وہ سب امام ابو حنیفہ اور صاحبین کا قول ہے اور ان کے اصلی قول اور قول مخرج کے درمیان فرق نہیں کرتے اور ایسی چیزوں کو ابو حنیفہ سے روایت صحیح سمجھتے ہیں۔

نوٹ: مذکورہ عبارات اس امر کا محسوس ثبوت ہیں کہ فقہا اہل سنت ابو حنیفہ کی طرف اقوال کی نسبت دینے میں خائن اور بد دیانت ہیں۔

سنی فقہاء متقی بننے کیلئے جھوٹی باتیں امام اعظم کیطرف منسوب کرتے ہیں

رسالہ اہل } ترجمہ: از حقیقۃ الفقہ سے ملاحظہ کریں کہ بعض ملاں
بالحدیث } غلط اور جھوٹ باتیں اس لئے امام اعظم کی طرف منسوب کرتے ہیں کہ لوگ ان کو کمال درجہ کا متقی خیال کریں۔

نوٹ: ارباب انصاف فقہ حنفیہ وہ فقہ ہے جو خود علماء اہل سنت کی نگاہ میں مشکوک اور مذموم ہے بلکہ جھوٹ اور اغلاط کا پلندہ ہے۔ پس جس فقہ کو خود علماء اہل سنت نے رد کر دیا ہے اس کو شیعان علیؑ کس طرح قبول کر سکتے ہیں۔ پس جو حنفی ملاں باخصوص ٹھٹھری کے کہتے ہیں کہ ہم ناانصاف ہیں مذکورہ عبارات ان کے منہ پر جوتا ہے۔

سنی فقہا کی مذمت میں ایک جملہ اور حنفیت کی گرتی ہوئی دیوار کو ایک دھکا اور

۱- اہل سنت کی معتبر کتاب تلبیس ابلیس ص ۔ از استقصاء الافحام جلد ۹۳
۲- اہل سنت کی معتبر کتاب فتوحات مکیہ ص از استقصاء الافحام
۳- اہل سنت کی معتبر کتاب انصاف فی بیان سبب الاختلاف ص از استقصا
۴- اہل سنت کی معتبر کتاب عقد الجید فی احکام الاجتہاد و التقلید ص
۵- اہل سنت کی معتبر کتاب شرح اسماء النبی ص از استقصاء الافحام
۶- اہل سنت کی معتبر کتاب احیاء العلوم ص کتاب العلم از

نوٹ : مذکورہ چھ عدد کتب کے حوالہ جات ہم نے کتاب استقصاء الافحام پر بھروسہ کیا ہے ۔ علامہ میر سید حامد حسین رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب استقصا لکھ کر سنیت اور حنفیت کے تابوت میں آخری کیل ٹھونک دی۔

کتاب تلبیس ابلیس کی عبارت

ابن جوزی نے سنی علماء کی عظمت کا جنازہ نکال دیا ہے

صار احدهم يحتج بآية لا يعرف معناها و بحديث لا يدري أصحيح ام لا و ربما اعتمد على قياس يعارضه حديث صحيح و لا يعلم ۔

ترجمہ : ابو احمد عبد الرحمن بن علی جوزی نے مذکورہ کتاب میں لکھا ہے کہ سنی فقہاء کی حالت یہ ہے کہ آیت قرآن سے دلیل لاتے ہیں اور اس کے معنی نہیں جانتے اور حدیث سے دلیل لاتے ہیں اور ان کو پتہ نہیں ہوتا کہ یہ حدیث ضعیف ہے یا صحیح ہے

ويجعل الجواب عن حديث قد احتج به خصمه ان هذا الحديث لا يعرف وهذا الكلمة خيانة على الاسلام

سنی فقہاء اسلام میں خیانت کرتے ہیں

ابن جوزی کہتا ہے کہ سنی فقہاء اپنے مخالف کی پیش کردہ حدیث صحیح کے جواب میں یہ بھی کہتے ہیں کہ اس حدیث کو علماء نہیں جانتے اور یہ چیز اسلام میں خیانت ہے۔

سنی فقہاء شیطان کے جال میں پھنس کر مقصرین بن گئے ہیں

ومن تلبيس ابليس على الفقهاء ان جل اعتمادهم على تحصيل علم الجدل آخر تک ۔ ابن جوزی کہتا ہے کہ ابلیس کا ایک جال سنی فقہاء کے پھسانے کے لئے یہ ہے کہ وہ تمام بھروسہ علم جدل اور مناظرہ پر کرتے ہیں اور ان کا مقصد لوگوں میں اپنی شان کو بڑھانا ہوتا ہے۔ ومعلوم ان القلوب لا تخشع بتكرار ازالة النجاسة وانما بالتغيير وهي محتاجة الى التذكار والمواعظ۔ اور یہ بات واضح ہے کہ ازالہ نجاست اور آب متغیر کی گردان کرنے سے دلوں میں خشوع پیدا نہیں ہوتا۔ نصیحت اور مواعظ کی طرف احتیاج ضروری ہے۔ فترى الفقيه المفتي يسأل عن آية او حديث لا يدري وهذا عين التقصير۔ اور سنی فقیہ سے جب کسی آیت اور حدیث کے بارے میں سوال کیا جائے تو وہ نہیں جانتا اور یہ چیز سنی فقہا کی کوتاہی اور تقصیر ہے

نوٹ: ابن جوزی نے سنی فقہاء کی مذمت کا حق ادا کر دیا ہے

سنی فقہاء اور علماء بدتمیز ہیں گالی گلوچ پر اتر آتے ہیں

وان رای خصمہ قد استطال علیہ بلفظ ظہرت حمیۃ الکبر فقابل ذالک بالسب۔

ابن جوزی فرماتے ہیں کہ اگر کسی سنی مولانا پر اس کا مد مقابل غالب آجائے تو اس سنی میں تکبیر کی علامت ظاہر ہوتی ہے اور گالیاں دیتا ہے۔

سنی فقہاء کا شیطانی نظریہ کہ فقہ ہی صرف علم شریعت ہے

ان ابلیس لبس علیہم بان الفقہ ھو وحدہ علم الشریعۃ لیس ثم غیرہ فان ذکر لھم محدث قالوا ذالک لا یفھم شیئا

ابن جوزی فرماتے ہیں کہ ابلیس سنی فقہاء پر یہ شبہ بھی ڈالتا ہے کہ علم فقہ ہی صرف علم شریعت ہے۔ اس کے علاوہ اور کوئی علم شریعت نہیں اور اگر سنی فقہاء سے کہا جائے کہ فلاں شخص علم حدیث کا عالم ہے تو کہتے ہیں کہ وہ تو کچھ سمجھتا ہی نہیں ہے (ابو جہل ہے)

سنی فقہاء کا کار شیطانی۔ بادشاہوں سے ملکر ان کی برائی پر خاموشی

ومن تلبیس ابلیس علی الفقہاء مخالطتھم الامراء والسلاطین مصداھنتھم وترک الانکار علیھم مع القدرۃ علیھم علی ذالک وربما رخصوا لھم ما لا رخصۃ فیہ لینالوا من دنیا ھم فیقع بذالک الفساد لثلثۃ الاول الامیر

ترجمہ: اور ابلیس کی ایک چال سنی فقہاء ... کو ... دل

سے میل جول رکھتے ہیں اور ان کے ساتھ منافقت کرتے ہیں اور بادشاہ جن کو برائی
سے روکنے کی قدرت کے باوجود وہ نہیں روکتے اور بعض دفعہ سنی فقہاء
بادشاہوں کو کچھ برائیوں کی اجازت عنایت کرتے ہیں تاکہ وہ سلاطین کی دنیا سے
کچھ حاصل کر سکیں اور اس کی وجہ سے تین شخص فاسد اور برباد ہو جاتے ہیں ایک
پہلا امیر بادشاہ ہے وہ کہتا ہے کہ اگر میں غلطی پر ہوتا تو یہ عالم اور
فقیہ مجھے منع کرتا ہے اور میں کیسے غلطی پر ہو سکتا ہوں جب کہ یہ عالم
میرے مال سے کھاتا ہے دوسرا عام آدمی - وہ یہ سمجھتا ہے کہ اگر یہ
بادشاہ غلط کار ہوتا تو فلاں فقیہ اس کے پاس نہ رہتا اور اس کے مال سے
نہ کھاتا اور تیسرا فقیہ وہ اپنے دین کو برباد کرتا ہے -

بعض سنی فقہاء غیبت کی برائی میں مبتلا ہیں

ومن العلماء وقد لبس ابلیس علیهم فیقطعون عن السلطان اقبالا
على التعبد والدین فیزین لهم غیبة من یدخل على السلطان

ترجمہ : بعض فقہاء اہل سنت پر ابلیس اور حملہ کرتا ہے کہ وہ
بادشاہوں سے دور رہتے ہیں اپنے دین کی حفاظت کی خاطر اور جو درباری
سنی ملاں ہوتے ہیں فقہاء ان کی مذمت کو اور غیبت کو حلال جانتے
ہیں لیکن ان میں دو برائیاں جمع ہو جاتی ہیں۔ غیبت اور مدح النفس
۲ کچھ فقہاء اہل سنت کو ابلیس یوں دھوکہ دیتا ہے کہ تو عالم ہے اور
مفتی اور فقیہ ہے اور علماء سے علم ہر برائی کو دور کرتا ہے -

نوٹ : ارباب انصاف ہمیں رسالہ کے اختصار کی مجبوری ہے اور
ابن جوزی نے فقہاء اہل سنت کی مذمت کا صحیح حق ادا کر دیا ہے -

امام اہل سنت محی الدین عربی فقہاء اہل سنت پر لعنت فرماتے ہیں کیونکہ وہ فقہاء درباری پیچھے بن کر غلط فتوے دیتے ہیں

فتوحات مکیہ کی عبارت ب ۳۶۰ ج ۲ — و لقد قال لی سلطاننا الملک صلاح الدین یوسف بن ایوب یا سیدی ما منہ الا یفتینا بہ فقیہ و خطہ یدہ بجواز ذالک فعلیہم لعنۃ اللہ آخر تک

ترجمہ: اختصار کی مجبوری کے باعث صرف ترجمہ پیش خدمت ہے محی الدین عربی سنی جیسی روایت کا خاتمہ ہے فقہاء اہل سنت کی مذمت کرتے یہ حکایت نقل کرتے ہیں کہ بادشاہ یوسف بن ایوب سے میری اسی موضوع پر بات چیت ہوئی تو اس نے کہا کہ یاسیدی میری حکومت میں جو برائی بھی آپ کو نظر آ رہی ہے اس کے حلال ہونے کا ہمیں فقیہ نے فتویٰ دیا ہے اور ان برائیوں کے جواز کا حکم اس نے اپنے ہاتھ سے لکھ کر دیا ہے اور ان فقہاء پر خدا کی لعنت اور پھر بادشاہ نے مجھے ایک فقیہ کا نام بتایا کہ اس لعنتی ملاں نے مجھے یہ فتویٰ دیا ہے کہ تجھ پر صرف ایک ماہ کے روزے فرض ہیں اور اس مہینہ کو معین کرنا تمہاری مرضی پر ہے

سنی فقہاء پر شیطان کا گمان سچ ہو گیا

انصاف فی بیان سبب الاختلاف ص ۷ — الفقہاء و قد دون لہم الشیطان حیلۃ لطیفۃ فصدق علیہم ابلیس ظنہ و اطاعہ کثیر منہم و اتبعوہ الا فریقا من المومنین

امام اہل سنت شاہ ولی اللہ دہلوی فرماتے ہیں کہ اہل سنت فقہاء اور علماء پر شیطان نے اپنا ایک لطیف حیلہ آزمایا اور کامیاب پایا اور ان فقہاء پر ابلیس کا گمان صحیح ہوگا اور زیادہ فقہاء نے شیطان کی پیروی کی ہے

شاہ ولی اللہ نے نفاق خفی اور حماقت جلی کا گلوبند فقہاء اہل سنت کے گلے میں ان کی بدباطنی کے باعث ڈال دیا ہے

عند بعید فی احکام الاجتهاد والتقلید۔ { تحیث ذلک سبب لمخالفة حدیث النبی الا النفاق خفی او حمق جلی وهذا هوالذی اشار الیه الشیخ عز الدین بن عبد السلام حیث قال آخرتک

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی مذکورہ کتاب میں فقہاء اہل سنت کی مذمت کرتے کرتے اس حد تک پہنچ گئے ہیں کہ یہ سنی فقہاء جو حدیث نبی کی مخالفت کرتے ہیں اس مخالفت کا سبب صرف ان فقہاء کا نفاق خفی اور ان کی حماقت اس منافقت اور حماقت اور بدباطنی کی خاطر اور ان کی اسی منافقت اور شیخ عز الدین عبد السلام نے ارشاد فرمایا ہے اور کہا کہ تعجب ہے کہ یہ فقہاء مقلدین اپنے امام کے اجتہاد کے غلط ہونے پر آگاہ ہوتے ہیں پھر بھی اسی غلط اجتہاد کی تقلید کرتے ہیں اور تاویلات کی بنا پر کھول کر قرآن اور احادیث رسول اللہ کی مخالفت کرتے ہیں۔

فقہ حنفیہ ہلیلہ

سنی فقہاء وظائف کے بند ہونے کے خطرات کے باعث ابوحنیفہ کی جھوٹی تقلید پر ڈٹے رہے اور یہ دین میں خیانت ہے

الانصاف فی بیان سبب الاختلاف } فقلت فما عندی ان الامتناع من ذالک الوظائف التی قدرت للفقهاء علی المذاهب الاربعة وان من خروج من ذالک واجتهاد لم ینله شی من ذالک وحرم ولایة القضاء وامتنع الناس من استفتائه ونسب للبدعة فتبسم ووافقنی علی ذالک۔

ترجمہ: امام اہل سنت شاہ ولی اللہ دہلوی فرماتے ہیں کہ محدث کبیرا بوذرعہ رازی نے اپنے استاد بلقینی سے اس موضوع پر بات چیت کی کہ اہل سنت میں بڑے بڑے قابل لوگ ہیں اور وہ اجتہاد کا دعویٰ نہیں کرتے بلقینی چپ ہو گیا اور کوئی جواب نہ دیا۔

پھر میں نے عرض کی جناب دعویٰ اجتہاد کرنے کا میرے نزدیک یہ سبب ہے کہ وہ وظائف جو مذاہب اربعہ کے فقہاء کے لئے مقرر ہوتے ہیں اگر کوئی سنی اب دعویٰ اجتہاد کرے گا تو اس کو ان وظائف سے حصہ نہ ملے گا اور کوئی عہدہ قضاوت بھی نہ ملے گا اور لوگ اس سے فتویٰ بھی نہ لیں گے اور اس کو بدعتی کہا جائے گا۔ میرا یہ نظریہ سن کر استاد ہنس پڑا اور میری موافقت کی۔

نوٹ: یہ عبارت اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ سنی فقہاء لالچی اور دنیا پرست ہیں اور وظیفوں کی خاطر حق کو چھپاتے ہیں۔

کتاب شرح اسماء ؟ وکون ذالک کرہ جماعۃ منھم التختم فی الیمین

الیمنی کی عبارت ۔ اما تختمت السود انص فی الیمین وھذا لیس بشیٔ

لانہ رد للسنۃ علامہ صدرالنسبین محمد الدین

عمر بن حسین ۔ فرماتے ہیں کہ اہل سنت فقہا ، نے انگوٹھی دائیں ہاتھ

میں پہننا مکروہ قرار دیا ہے کیونکہ دائیں ہاتھ میں انگوٹھی روافض پہنتے ہیں

یہ قرار دینا اہل سنت فقہاء کی کچھ نہیں اور برعکس ہے کیونکہ اس میں رد ہے سنت کا

نوٹ : اس مذکورہ عبارت میں بھی فقہا اہل سنت کی بددیانتی کا کھلا

ثبوت موجود ہے کیونکہ وہ صرف روافض کی مخالفت کی خاطر سنت نبی کریم

کو ٹھکراتے ہیں اور فرمان نبی کی نافرمانی کرتے ہیں۔

احیاء العلوم ؟ فلما انقضت الخلافۃ بعدھم الی اقوام تولوھا بغیر

کی عبارت ۔ استحقاق ولا استقلال بعلم الفتاوی والاحکام

اضطروا الی الاستعانۃ بالفقہاء ... وعرضوا۔ الی الفقہاء انفسھم علی

الولاۃ وطلبوا الولایا تہم والصلات منھم فمنھم من حرم ومنھم من

انجح والمنجح لم یخل من ذل الطلب ومھانۃ الابتذال

ترجمہ : اہل سنت والجماعت کا امام غزالی فرماتا ہے کہ پہلے تھے خلفاء

کے بعد جب خلافت ان لوگوں کو پہنچی جو خلافت کا حق نہ رکھتے تھے باوجود

خلیفہ بن بیٹھے اور احکام شریعت اور فتاوی سے بھی وہ پوری طرح واقف

نہ تھے تو وہ فقہاء کی امداد لینے کی طرف محتاج ہوئے اور فقہاء نے بھی

اپنے آپ کو ان غلط خلفاء کی خدمت میں پیش کیا اور ان سے عہدے اور

انعامات بھی طلب کئے کچھ تو محروم رہ گئے انعامات اور عہدوں سے اور

کچھ کامیاب ہو گئے اور جو کامیاب ہو گئے وہ ذلت طلب سے ذلیل ہوئے

شیخ الحدیث مولوی محمد علی بریلوی کو دعوت انصاف

اعلیٰ حضرت کو دیانت و انصاف کی رو سے ہم دعوت فکر دیتے ہیں کہ جس فقہ حنفیہ پر آپ کو ناز ہے اور جس کی آپ وکالت فرماتے ہیں اس فقہ کی مذمت کرنے کا خود علماء اہل سنت نے حق ادا کر دیا ہے اور اس فقہ کی بنا رکھنے والے اور اس کو ترقی دینے والے فقہاء کو علماء سنت نے لالچی دنیا پرست مکار، خیانت کار فریب کار، بدعمل پہلے نمبر کے جھوٹے، اور درباری ٹچے قرار دیا ہے۔

کہاوت مشہور ہے کہ کتنی نہاوتا کی اور نچوڑتا کی۔

فقہ حنفیہ کے پلے رکھا ہی کیا ہے جس فقہ کو خود علماء اہل سنت نہیں مانتے اور جس کو وہ جھوٹ کا پلندہ سمجھتے ہیں وہ جھوٹی فقہ اس قابل نہیں ہے کہ تم اس کی سچائی شیعان حیدر کرار کے سامنے ثابت کر سکو اور یہ عذر کہ جن لوگوں نے فقہ حنفیہ کی مذمت کی ہے وہ اہل حدیث ہیں اور یا وہ مالکی وشافعی اور یا حنبلی ہیں۔ اس عذر کی ایک ٹکہ بھی قیمت نہیں ہے کیونکہ مذکورہ مذاہب کے لوگ بھی اپنے آپ کو اہل سنت ظاہر کرتے ہیں اور جب تم اہل سنت خود جوتوں میں دال بانٹتے ہو۔ تو تمہیں شیعان حیدر کرار کے خلاف عوعو کرنے سے شرم کرنی چاہیئے۔

خلاصہ۔ بقول علماء اہل سنت فقہ حنفیہ کے بانی فقہاء بے ایمان تھے اور ہم شیعان علیؑ ایسے بے ایمان لوگوں کی بنائی ہوئی فقہ سے بیزاری اختیار کرتے ہیں اور جو احناف ناک چڑھا کر اور یا باچھیں کھول کر کے اور گز بھر کی زبان نکال کر کہتے ہیں ہم احناف ہیں۔ ہمارے پیش کردہ حوالہ جات ان کے لئے باعث عبرت ہیں

سنی فقہاء کی بدیانتی کی انتہاء خلیفہ ہارون رشید کے لئے امام اعظم کے شاگرد ابو یوسف نے اس کی ماں کو حلال کر دیا

ثبوت ملاحظہ ہو اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ الخلفاء ص ۲۹۱ ذکر رشید

اخرج السلفی فی الطیوریات بسند ہ عن ابن مبارک قال لما افضت الخلافۃ الی الرشید وقعت فی نفسہ جاریۃ من جواری المھدی فراودھا عن نفسھا فقالت لا اصلح لک ان اباک قد طاف بی فشغف بھا فارسل الی ابی یوسف فسألہ أعند فی ھذا شئ۔ فقال یا امیر المومنین او کلما ادعت أمۃ شیأ ینبغی أن تصدق لا تصدق ھا فانھا لیست بمأمونۃ قال ابن مبارک فلم ادر ممن اعجب۔

ترجمہ:

حافظ سلفی نے طیوریات میں ابن مبارک سے نقل کیا ہے کہ جب خلافت اسلامی کی باگ ڈور عباسی خلیفہ ہارون کے ہاتھ میں آئی تو اس کے باپ مہدی کی ایک کنیز کی محبت خلیفہ ہارون کے دل میں بیٹھ گئی اور خلیفہ نے اس کنیز کو اپنے ساتھ ہمبستری کی دعوت دی۔ کنیز نے کہا کہ خلیفہ جی۔ آپ مجھے لئے حلال نہیں۔ کیونکہ تیرا باپ مہدی میرے ساتھ ہمبستری کر چکا ہے۔ خلیفہ نے قاضی ابو یوسف شاگرد امام اعظم کو پیغام بھیج کر بلوایا اور پوچھا کہ میرے لئے اس کنیز کو حلال کرنے کے لئے تیرے پاس کوئی شئے ہے امام اعظم کے حلالی بیٹے نے کہا کہ

کہ اے امیر المومنین جو بات بھی یہ کنیز کہہ گئی آپ اس کی تصدیق کریں لگے تم اس کی رپورٹ کی تصدیق ہی نہ کرو یہ دیانت داری نہیں ہے۔

فقہ امام اعظم کے اس فتویٰ کے خلاف عبداللہ بن مبارک کا احتجاج

تاریخ الخلفا صفحہ ۲۹۱ ذکر رشید میں اس خبر کے بعد یہ لکھا ہے

دنیا قال ابن مبارک فلم ادر ممن اعجب من هذا الذی قد وضع یده فی دماء

دربار المسلمین واموالهم یتحرج من حرمة ابیه - او من هذه الفقیه

درس وقاضیها قال اهتک حرمة ابیک واقض شهوتک وصیره

فی رقبتی -

ترجمہ: عبداللہ بن مبارک کہتا ہے کہ میں کس چیز پر زیادہ تعجب کروں آیا اس خلیفہ پر جس نے مسلمانوں کے خون میں ہاتھ رنگین کیا ہے اور باپ کی عزت و ناموس کا لحاظ نہیں کیا یا اس کنیز پر زیادہ تعجب کروں کہ جس پر امیر المومنین عاشق ہو گیا ہے اور وہ شریعت کی خاطر اس سے دوری اختیار کرتی ہے اور یا اس فقیہ پر اور قاضی پر کہ جو بادشاہ سے کہتا ہے تو اپنے باپ کی عزت کو پچھاڑ دے اور اپنی شہوت کی آگ کو بجھا لے اور اس کا گناہ میری گردن میں ڈال دے۔

نوٹ: ارباب انصاف کتاب تاریخ الخلفاء موجود ہے کتاب بھی اہل سنت کی ہے اور مصنف جلال الدین سیوطی بھی سنی عالم ہے فقہ امام اعظم جس میں ماں کو بیٹے کے لئے حلال کرنے کی گنجائش ہے ایسی فقہ پر حافظ محمد علی جتنا بھی ڈانس کرے اس کو زیبا ہے۔

فقہ ابو حنیفہ کی برکت سے کتنی حرام شرمگاہیں حلال ہوئی ہیں

اہل سنت کی معتبر کتاب المعارف صفحہ ۲۱۷ لابن قتیبہ
ذکروا اصحاب الرائی ۔ فکم من فرج محصنۃ عفیفۃ
احل حرامہ بابی حنیفہ ۔

ترجمہ: اور کتنی شرمگاہیں نیک اور پاک دامن عورتوں کی جو لوگوں پر حرام تھیں اور وہ امام اعظم کی فقہ کی برکت سے حلال کی گئی ۔

جناب حافظ محمد علی صاحب اپنی اور فقہاء کی صفائی پیش کریں

ارباب انصاف بندہ نے دیانت اور انصاف سے حنفی مذہب کی کتابوں کا مطالعہ کیا ہے اور اس کہاوت کی روشنی میں کہ اونٹ کی کوئی بھی سیدھی نہیں ہے میں نے فقہ حنفیہ اور ان کے فقہاء کی کوئی کل بھی سیدھی نہیں پائی۔ خود سنی علماء امام اعظم اور اس کی فقہ کی مذمت کرتے کرتے تھکتے نہیں ہیں اب میں مولوی محمد علی سے یہ سوال کرنے کا حق رکھتا ہوں کہ مولانا صاحب آپ کی کتابیں گواہ ہیں کہ آپ کی فقہ کی کتابیں اونٹ کا ٹھپہ ہیں اور آپ کی کتابیں فقہاء بد دیانت ہیں اور جس طرح اونٹ کے منہ سے لاشے کی بو آوے آپ کے دہن مبارک سے صرف شیعوں کی دشمنی کی بو آتی ہے جن سنی علماء نے تمہاری فقہ اور تمہارے فقہاء کی مرمت کی ہے ان کو تم نے چوم کر کیوں رکھا ہوا ہے کیا شیعوں نے آپ کی کوئی اماں جندی توڑی ہے شیعوں سے کوئی آپ کو خاص رنجش ہے

ع سچ بولنا محال ہے مجبوریوں کے عہد میں

مذمت کتب فقہیہ اہل سنت علماء اہل سنت کی زبانی

۱- اہل سنت کی معتبر کتاب حقیقۃ الفقہ ص ۱۰۹ مولف محمد یوسف جے پوری

۲- اہل سنت کی معتبر کتاب رسالہ عمل بالحدیث ص ۵ م ولایت علی

۳- اہل سنت کی معتبر کتاب دراسات اللبیب ص ۱۵۶ ط لاہور م ملا معین

۴- اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ کبیر مقدمہ جامع صغیر ص ۱۴ م عبدالحی

۵- اہل سنت کی معتبر کتاب اجوبہ فاضلہ ص عبدالحی لکھنوی۔

۶- اہل سنت کی معتبر کتاب ترجمہ انباہ الغمر ص ۱۵ شاہ ولی اللہ

۷- اہل سنت کی معتبر کتاب مقدمہ عمدۃ الرعایہ ص ۱۳/۱۴

۸- اہل سنت کی معتبر کتاب تنبیہ الوسنان ص ۵ م اشرف بن حبیب

۹- اہل سنت کی معتبر کتاب تنفید الہدایہ ص ۹ ص ۲۹ ص ۲۶۵

حقیقۃ الفقہ کی عبارت } علم دین موقوف ہے اسناد پر خاص کر جب کہ اس علم کی تدوین بانی دین کے بعد ہوئی ہے مثلاً حدیث کی اس کی تدوین رسول مقبول کے بعد ہوئی ہے تو التزام اسناد کا لازمی ہوا اور جرح و تعدیل کی ضرورت محسوس ہوئی علم رجال بنایا گیا۔ اور اس قدر اہتمام کے باوجود احادیث نبوی لوگوں کی ہیرا پھیری سے محفوظ نہ رہ سکی ہے۔ مقام غور ہے جس علم فقہ کی تدوین اس کے بانی کے بعد ہوئی ہے اور اس میں اسناد کا التزام بھی نہ کیا گیا تو اس میں مخالفین کو کس قدر تصرف کا موقع ملا ہوگا

آپ صاف لفظوں میں سنیے کہ موجود کتب فقہ یعنی ہدایہ شرح وقایہ قدوری منیہ در مختار وغیرہ وغیرہ۔

جو کہ صدیاں بعد امام اعظم کے مدون ہوئی ہیں اور ان میں اسناد کا التزام
بھی نہیں کیا گیا تو عقلاً ممکن ہے کہ تصرف سے بچی ہوں اور کوئی تغیر نہ ہوا
ہو ایسا ہرگز نہیں۔

نوٹ: ارباب انصاف مذکورہ عبارت میں سنی عالم نے کتب فقہیہ
اہل سنت کی مذمت کا حق ادا کر دیا ہے اور ڈنکے کی چوٹ پر اعلان کیا ہے کہ
ان کتب پر اعتماد نہ کرنا ان میں جھوٹ ملا ہوا ہے اور اس عالم نے جھوٹی
کتاب کے نام سے کر ان کی نشان دہی فرمائی ہے بس کوئی غیرت مند
مسلمان ان کتابوں پر عمل نہ کرے۔

رسالہ عمل بالحدیث } بود اقحفان کتب پوشیدہ نسبت کہ از امام اعظم
کتابے منقول نیست کہ براں بنائے مذہب شا
نمودہ الی آخر تک۔

ترجمہ: از حقیقۃ الفقہ سے ملاحظہ ہو: کتابیں پڑھنے والے
لوگوں کو معلوم ہے کہ امام اعظم سے کوئی کتاب منقول نہیں ہے جس پر ان
کے مذہب کی بنا ہو لیکن چند اقوال کتب مشہورہ مثل کنز و ھدایہ و عالمگیری
و قاضی خان وغیرہ میں مسائل جو شمار سے باہر ہیں وہ تمام امام اعظم سے
منقول نہیں ہیں بلکہ چند مسائل امام صاحب سے منسوب ہیں اور بے اعتبار
مسائل متاخرین صاحب ھدایہ و فتاوی وغیرہ سے منسوب ہیں کہ محض اپنی
عقل سے یہ لوگ ان مسائل میں یجوز و لا یجوز یعنی جائز اور ناجائز ہے لکھ دیتے ہیں

دراسات اللبیب کی عبارت ملاحظہ } ولیس کل ما نسب الیہم من القیاسات البحیۃ
التی تشبہ التشریع الجدید وخیل فی کتب
مذھبہم نصوص ثابت النسبۃ الیہم بل اکثر ذالک او کلہا ادرکیۃ

من غضب عليهم اللوائی من اتباعهم

ترجمہ: وہ دور کے قیاسات جو کسی شریعت کے مشابہ اور رد ہیں اور امام اعظم وغیرہ کی طرف منسوب ہیں ان کی نسبت نعمان کی طرف ثابت نہیں ہے اسی طرح جو ان کے مذہب کی کتابوں میں منقول ہے ان کی نسبت بھی نعمان کی طرف صحیح طریقے سے ثابت نہیں ہے بلکہ زیادہ یا تمام مسائل ان لوگوں نے بنائے ہیں جو نعمان کے پیروکار تھے اور ان پر قیاس خام

نوٹ: مذکورہ عبارت اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ فقہ حنفیہ کی کتابوں میں جھوٹ زیادہ ہے مسئلے ان کے علماء خود بناتے ہیں اور نام نعمان کا

نافع کبیر کی [فکم من کتاب معتمد اعتمد علیہ اجلۃ الفقہاء
عبارت [من الاحادیث الموضوعۃ ولا سیما الفتاوی فقد
لنا بتوسیع النظر ان اصحابہم وان کانوا من الکاملین لکنہم فی نقل
الاخبار من المتساہلین۔

ترجمہ: اور کتنی کتابیں ہیں کہ جن پر احناف کے فقہاء نے اعتماد کیا ہے اور وہ جھوٹی حدیثوں سے بھری ہیں خصوصاً ان کے فتاوی کی کتابیں تو جھوٹ سے بھری ہیں وسعت نظر کے باعث ہم پر یہ ظاہر ہوا کہ ان کے فقہاء اگر (برائے نام) کاملین ہیں اور حدیث نقل کرنے میں تیجے ورجے کے غفلت کرنے والے اور جھوٹے ہیں۔

نوٹ: مذکورہ عبارت بھی اس امر کا ٹھوس ثبوت ہے کہ احناف کی کتابیں اور ان کے فقہاء قابل اعتبار نہیں ہیں اور ان کا رد یا جرح کرنا ضروری ہے۔

التوبیۃ والصفحۃ [الاخری ای صاحب الہدایۃ من اجلۃ الحنفیۃ
کی عبارت [والرافعی شارح الوجیز من ثقات الشافعی

مع کونھما احسن بیشا اذ لیسھما باع تام فلا قد ذکر فی تصانیفھما ما لم
یوجد لغیرھم عند خبیر بالحدیث

ترجمہ: عبدالحی فرماتے ہیں کہ حنفیوں کی کتابوں پر اعتبار نہیں ہے تم
صاحب ہدایہ احناف کے پوپ پال کو نہیں دیکھتے اور رافعی شارح
وجیز کو نہیں دیکھتے کہ حدیثوں کی طرف ان کی عظمت اور شان کی وجہ سے اشارے
کئے جاتے ہیں اور ان دونوں نے اپنی کتابوں میں ایسی حدیثیں لکھی ہیں جن کا
کتب حدیث میں عالم حدیث کے نزدیک نام نشان بھی نہیں ہے۔

نوٹ: مذکورہ عبارت بھی اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ حنفی سنیوں
کی کتابیں اگرچہ ان کے بلند پایہ علماء نے لکھی ہوں قابل اعتبار نہیں ہے

حنفی سنیوں کی کتابیں ہدایہ سمیت بدعات ہیں قابل اعتبار نہیں

حجۃ البالغہ کی عبارت } قال ابو طالب المکی فی قوت القلوب ان الکتب والمجموعات محدثۃ

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ بقول ابو طالب مکی کہ احناف کی فقہ کی کتابیں اور فتاوی کی یہ پوتھیاں بدعات ہیں۔

عمدۃ الرعایہ کی عبارت } مقدمہ عمدۃ الرعایہ میں ہے ثم لا عبرۃ بنقل صاحب النہایہ ولا لبقیۃ شراح الہدایہ فانہم لیسوا من المحدثین ولا اسندوا الحدیث الی احد من المحدثین

صاحب نہایہ اور دیگر شارحین ہدایہ نے جو احادیث نقل کی ہیں وہ قابل اعتبار نہیں ہیں۔ کیونکہ یہ فقہاء احناف محدثین نہیں ہیں نہ ہی انہوں نے احادیث کا اسناد محدث کی طرف دیا ہے۔

حنفیوں کے پوپ صاحب ہدایہ کی سنی علماء نے خوب مذمت کی ہے

والکثر متاخری فقہا منا الحنفیہ من علماء ماوراء النهر والعراق والخرسان لم یسندوا احادیثہم التی یذکرونہا فی کتب الحنفیۃ الی اصل من اصول الحدیث حتی صاحب الهدایۃ التی علیہ مدار دوری الحنفیۃ ثم تیسر لہ عند تخریج احادیث الهدایۃ فی اکثر المواضع الظفر بلفظ الحدیث منقول از تنبیہ الوسنان م

والشرف حنفی متاخرین فقہاء حنفیہ جو کہ علماء ماوراء النہر اور عراق اور خراسان سے ہیں انھوں نے کتب حنفیہ میں جن احادیث کا ذکر کیا ہے ان کا کتاب احادیث کی طرف اسناد نہیں کیا حتی کہ صاحب ہدایہ کہ جس پر احناف کی چکی کی گردش کا دار و مدار ہے اس کی کتب ہدایہ کی احادیث کی تخریج کے وقت الفاظ احادیث کو تلاش کرنے میں کامیابی نہیں ہوئی۔

احناف کی مایہ ناز کتاب ہدایہ کی شرح کی مذمت

مقدمہ عمدۃ الرعایا کی عبارت [ثم لا عبرۃ بنقل صاحب النهایۃ وبقیۃ شراح الهدایۃ فانہم لیسوا من المحدثین ولا اسندوا الحدیث الی احد من المخرجین۔

ترجمہ: صاحب نہایہ شرح ہدایہ اور دوسرے شارحین ہدایہ نے جو کچھ نقل کیا ہے اس پر اعتبار نہ کرنا کیونکہ وہ محدثین نہ تھے اور نہ

اور نہ ہی انہوں نے حدیث کی نسبت کسی ماہر حدیث کی طرف دی ہے

نوٹ :- یہ مذمت، تشریحات ہدایہ کی ملاں علی قاری حنفی کی زبانی، مولانا عبدالحی لکھنوی نے نقل کی ہے

حنفیوں کی ہدایہ شریف کی مزید مذمت ملاحظہ ہو

تنقید الہدایہ ص ۹ یہ حدیث من کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلا یسقی ماءہ زرع غیرہ ... کی عبارت

کہ جو شخص اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے پانی کو دوسروں کے رحم میں نہ چھوڑے۔ یہ حدیث کی کسی کتاب میں موجود نہیں۔

نوٹ : مولانا محمد یوسف سنی نے کتاب ہدایہ کی مذمت کا اپنی کتاب حقیقتہ الفقہ میں حق ادا کر دیا ہے اور ہم شیعہ اس بات پر بہت خوش ہیں کہ قوم معاویہ کے علماء خوب جوتوں میں دال بانٹ رہے ہیں۔

قدوری، ہدایہ، منیتہ المصلی، کنز الدقائق، شرح وقایہ درمختار، فتاوی، عالمگیری مالابدمنہ اور بہشتی زیور کی سنی علماء کی زبانی مذمت

حقیقتہ الفقہ ص ۱۱ شریعت اور دین کا دارو مدار قرآن حدیث کی عبارت پر ہے لیکن اس تقلید نے دونوں کو بیکار کر دیا ہے

اب اگر شریعت ڈھونڈیں تو کہاں جواب ملتا ہے قدوری، ہدایہ، منیتہ المصلی کنز الدقائق، شرح وقایہ، درمختار، فتاوی، عالمگیری، مالابدمنہ بہشتی زیور

وغیرہ یہ اس لئے کہ امام ابوحنیفہ کے مذہب کا دارومدار انھیں کتب پر ہے جب ان کی اوراق گردانی کی جاتی ہے تو کیا ملتا ہے

قال ابوحنیفہ: کہ ابوحنیفہ نے کہا اس سے خیال ہوتا ہے کہ امام ابوحنیفہ کا قول بیان کیا جاتا ہے جب ان کے مؤلفین اور تالیف کی طرف نظر کی جاتی ہے تو نقشہ مندرجہ ذیل نظر آتا ہے:

نام کتاب	نام مؤلفین	سنہ وفات یا سنہ تالیف	کس صدی میں تالیف ہوئی	کس حوالہ سے لکھا
قدوری	احمد بن محمد بن [illegible]	۴۲۸ھ	پانچویں صدی	تراجم حنفیہ ص ۲۵
ہدایہ	برہان الدین مرغینانی	۵۹۳ھ	چھٹی صدی	کشف الظنون ج ۲ ص [illegible]
منیۃ المصلی	سدید الدین کاشغری		تقریباً ساتویں صدی	
کنز الدقائق	ابوالبرکات نسفی	۷۱۰ھ	آٹھویں صدی	ص ۲۲ ج ۲
شرح وقایہ	محمد علاء الدین	۱۰۷۱ھ	گیارھویں صدی	درمختار ص [illegible] ج ۲
فتاویٰ عالمگیری	باہتمام ملا نظام بحکم اورنگ زیب	۱۰۱۸ھ	تقریباً بارھویں صدی	مرآۃ الانساب
مالابد منہ	قاضی ثناء اللہ پانی پتی	۱۲۲۵ھ	تیرھویں صدی	الروض الممجود
بہشتی زیور	اشرف علی تھانوی		چودھویں صدی	

جب اسناد کی طرف نظر پڑتی ہے تو ان کتابوں میں سے کسی کی بھی سند باقاعدہ صاحب کتاب سے امام ابوحنیفہ تک نہیں پہنچتی رفع الشبہات کے لئے فتوے طلب کئے گئے تو جوابات شافی نہیں ہے نوٹ اس عبارت سے فقہ حنفیہ کی دھجیاں اڑ گئی ہیں۔

مذمت تقلید امام اعظم سنی علماء کی زبانی

۱- اہل سنت کی معتبر کتاب حجۃ البالغہ صفحہ ۱۵۶
۲- اہل سنت کی معتبر کتاب اعلام الموقعین صفحہ ۲۲۲
۳- اہل سنت کی معتبر کتاب حقیقۃ الفقہ صفحہ ۳۲ از محمد یوسف
۴- اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الکبریٰ صفحہ ۶۵/۱ شعرانی
۵- اہل سنت کی معتبر کتاب فتاویٰ ابن تیمیہ صفحہ ۲۰۶
۶- اہل سنت کی معتبر کتاب عقد الجید صفحہ ۴۲
۷- اہل سنت کی معتبر کتاب الرد علی من اخلد الی الارض صفحہ
۸- اہل سنت کی معتبر کتاب مقدمہ ہدایہ صفحہ ۴۳/۱
۹- اہل سنت کی معتبر کتاب تحفۃ الاخیار فی بیان سنۃ سید الابرار صفحہ
۱۰- اہل سنت کی معتبر کتاب فتوحات مکیہ صفحہ ۹۲
۱۱- اہل سنت کی معتبر کتاب فتح القدیر شرح ہدایہ صفحہ ۳۳۶/۳
۱۲- اہل سنت کی معتبر کتاب شرح عین العلم صفحہ ۳۳۶
۱۳- اہل سنت کی معتبر کتاب القول السدید صفحہ ۲
۱۴- اہل سنت کی معتبر کتاب مبسوط سرخسی صفحہ
۱۵- اہل سنت کی معتبر کتاب تنویر العینین صفحہ ۳۹
۱۶- اہل سنت کی معتبر کتاب ردالمحتار شرح درمختار صفحہ ۵۲
۱۷- اہل سنت کی معتبر کتاب طوالع الانوار حاشیہ درمختار صفحہ
۱۸- اہل سنت کی معتبر کتاب شرح مسلم الثبوت صفحہ ۶۲۴
۱۹- اہل سنت کی معتبر کتاب رسالہ شیخ کردی

۲۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر احمدی ملاں جیون صہ

۲۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب التحریر معہ شرح التقریر والتحبیر صہ

۲۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب ابطال التعلیہ صہ ابن حزم

۲۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تقریر الاصول صہ ملاں اکمل

۲۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب سفر السعادت صہ الفیروز آبادی

۲۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب دراسات اللبیب صہ ۹۶

۲۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب صراط مستقیم صہ ۹۹

۲۷۔ اہل سنت معتبر کتاب مشارق الانوار صہ شعرانی

۲۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتوح الغیب صہ ۱۹۷

۲۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مواہب بحر ۔ لدنیہ صہ

۳۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مختصر الحصول صہ حبیب اللہ قندھاری

۳۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح تحریر صہ عبد العلی بحر العلوم

۳۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب رسالہ عمل بالحدیث قاضی ثناء اللہ

۳۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فوز الکبیر صہ شاہ ولی اللہ

۳۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مفاتیح الاسرار التراویح

۳۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مجالس الابرار صہ ؟

۳۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مسلم الثبوت صہ فاضل بہاری

۳۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مکتوبات امام ربانی صہ ج۲

۳۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب ناظورۃ الحق صہ ۳۶ علامہ مرجانی

۳۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الغزالی صہ ۱۹۹

۴۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مستصفی صہ ۳۰۱

۴۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الطواف الذہب صہ ۴۰ علامہ زمخشری

۴۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب معیار الحق صفحہ ۲۵۲

۴۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب بوستان صفحہ ۱۱ شیخ سعدی

۴۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مثنوی دوم صفحہ ۱۱

نوٹ: ان ۴۴ حوالہ جات میں ہم نے اپنا وقت بچانے کی خاطر کتاب حقیقۃ الفقہ مؤلفہ حافظ محمد یوسف جے پوری پر بھروسہ کیا ہے یہ عالم سنی اہل حدیث ہے اور اس نے ۱۰۸ کتابوں کے حوالہ جات دیے کہ امام اعظم اور ان کی فقہ کا بیڑا غرق کیا ہے کتاب حقیقۃ الفقہ حزب الاحناف کے خلاف نہایت اچھی کتاب ہے مناظرین کو اس کتاب کے مطالعہ کی تاکید کی جاتی ہے

بقول شاہ ولی اللہ امام اعظم وغیرہ کی تقلید ایک بدعت ہے

اعلام الموقعین کی عبارت { انما حدثت ہذہ البدعۃ فی القرآن الرابع — تقلید والی بدعت چوتھی صدی میں شروع ہوئی۔

حقیقۃ الفقہ کی عبارت { التقلید وھو فی نفسہ بدعۃ محدثۃ لانا نعلم بالقطع ان الصحابۃ لم یکن فی زمانہم مذھب

ترجمہ: امام اعظم النعمان وغیرہ کی تقلید کرنا ایک بدعت ہے کیونکہ ہم یقینی طور پر جانتے ہیں کہ صحابہ کے زمانہ میں کوئی خاص مذہب نہ تھا کہ جس کا درس دیا جاتا ہو یا اس کی تقلید کی جاتی ہو۔

میزان شعرانی کی عبارت { کان ابن مسعود یقول لا یقلدن رجل رجلا فی دینہ کہ ابن مسعود صحابی فرماتا ہے کہ دین کے معاملہ میں کوئی مرد کسی مرد کی تقلید نہ کرے

نوٹ: ثابت ہو گیا کہ امام اعظم کی تقلید کرنا بدعت ہے۔

بچارے چاروں اماموں سنیوں کے اپنی تقلید سے منع کرتے رہ گئے

فتاوی ابن تیمیہ ج ۲ ص ۲۰ } قد ثبت عن الفقہاء الاربعۃ انہم نہوا الناس عن تقلیدہم۔

اہل سنت کی چاروں فقہ کے امام لوگوں کو اپنی تقلید سے منع کرتے تھے اور یہ منع ثابت ہے۔

نوٹ: ابن تیمیہ بھی ایک امام ہے اہل سنت کا اگر مذکورہ دعوی میں یہ لعنتی سچا ہے تو امام اعظم وغیرہ کی تقلید باطل ہے اور عقد الجید میں شاہ ولی اللہ نے بھی یہ دعوی نارد تا جو واصل جہنم ہوا ہے۔

جلال الدین سیوطی کی گواہی کہ امام اعظم نے بھی اپنی تقلید سے منع کیا ہے

کتاب الرد علی من اخلد الی الارض کی } ہل اباح مالک وابو حنیفۃ والشافعی قط لاحد تقلیدہم حاشا اللہ۔ بل انہم قد نہوا عن ذالک۔ مالک اور شافعی اور امام اعظم نے ہرگز کسی کو اپنی تقلید کی اجازت نہیں دی بلکہ وہ بچارے تو منع کرتے رہے۔

نوٹ: اگر امام اہل سنت، سیوطی جھوٹ نہیں کہہ رہا بلکہ سچ بول رہا ہے تو امام اعظم صاحب کی تقلید والا کھنڈ باطل ہو گیا۔

بقول ہدایہ امام اعظم نے اپنی تقلید سے منع کیا ہے

مقدمہ ہدایہ ص ۹۳ کی عبارت } قال نعمان لا یحل لاحد ان یاخذ بقولی ونہی عن التقلید۔ نعمان صاحب نے فرمایا کہ کسی سنی کے لئے میرا فتوی کا لینا حلال نہیں ہے اور نعمان نے تقلید سے منع کیا ہے

امام اعظم نے اپنی اور امام مالک دونوں کی تقلید سے منع کیا ہے

تحفۃ الاخیار فی سنۃ سید الابرار | صحے قال امام ابو حنیفہ لا تقلدنی و لا تقلدن مالکا و لا غیرہ۔

نعمان بن ثابت کہتا ہے کہ میری اور نہ ہی مالک کی اور نہ ہی کسی اور کی تقلید کرو۔

حافظ محمد علی کو دعوت فکر کہ آپ بھی عجیب نادان ہیں

حافظ حاجی شیعوں کو چھیڑ کر آپ نے پنگا تو لے لیا ہے مگر یہ تو فرمائیے کہ نعمان صاحب نے فتویٰ دیا ہے کہ میری تقلید جائز نہیں ہے اس فتویٰ امام اعظم کو اگر آپ نہیں مانتے تو پھر آپ امام اعظم کے مقلد نہیں ہیں اور اگر مانتے ہیں تو امام اعظم کی تقلید آپ کے لئے جائز نہیں ہے کیونکہ اس تقلید کو تمہارے امام نے صیغہ نہی سے حرام قرار دیا ہے

اہل سنت کا ایک اور ولی محی الدین عربی حرمت تقلید کا رونا رو رہا ہے

فتوحات مکیہ کی عبارت | وصیۃ التری اوصیک بہ تحرم علیک و یحرم علیک تقلید غیرک

اگر تو عالم ہے تو میری یہ وصیت ہے تجھ کو کہ جب خدا نے تجھے علم دیا تو پھر تقلید تم پر حرام ہے خواہ وہ غیر نعمان بن ثابت ہو یا کوئی غیر ہو۔

نوٹ: جناب معاصر حافظ محمد علی صاحب آنکھیں کھول کر حوالہ جات پڑھیں، شیعوں کے خلاف کتاب لکھ کر آپ نے پنگا تو لے لیا ہے مگر تمہارے مذہب میں جو گند بھرا ہے اب اس کی صفائی دینا تمہارا فرض بنتا ہے

ملاں علی قاری حنفی کا اعلان کہ امام اعظم وغیرہ کی تقلید سے خدا راضی نہیں ہے

ومن المعلوم ان اللہ ما کلف احداً ان یکون حنفیا او مالکیا او شافعیا او حنبلیا۔

ترجمہ: یہ معلوم ہے کہ اللہ پاک نے کسی کو حنفی ہونے کا مکلف نہیں کیا یعنی اللہ پاک کسی کے حنفی وغیرہ ہونے پر راضی نہیں ہے۔

نقشبندی علماء ہمیشہ تقلید کے مخالف رہے ہیں

وطریقۃ الاکابر النقشبندیہ خصوصا اتباع السنۃ النبویہ وعدم التقلید بمذہب معین۔

مشائخ نقشبندیہ کا طریقہ یہ رہا ہے کہ وہ سنۃ نبویہ پر عمل کرتے تھے کسی سنی امام اعظم وغیرہ کی تقلید نہیں کرتے تھے منقول از رسالہ شیخ کردی۔

ابن حزم سنی کا اعلان کہ تقلید اگر کرنی ہے تو امام اعظم اور شافعی وغیرہ کو چھوڑ کر حضرت ابوبکر اور عمر کی جائے

ابطال التقلید فما الذی خص ابا حنیفہ ومالکا بان یقلد دون ابی بکر وعمر

ترجمہ: کس چیز نے ابوحنیفہ اور مالک کو تقلید کے لئے خاص کیا ہے اور ابوبکر وعمر کو یہ تحفہ نہیں ملا۔

بقول شاہ ولی اللہؒ سنی مقلدین یہودیوں کا نمونہ ہیں

فوز الکبیر کی عبارت } ترجمہ: اگر یہودیوں کا نمونہ تو دیکھنا چاہیے تو برے علماء ان کو دیکھ جو طالب دنیا اور اگلوں کے مقلد ہیں

بقول قاضی ثناء اللہؒ امام اعظمؒ کا پیروکار جاہل اور گمراہ ہے

رسالہ عمل بالحدیث کی عبارت } فمن تعصب بواحد معین دون الائمۃ الآخرین فھو ضال جاھل

ترجمہ: جو شخص صرف امام اعظم کی خاطر تعصب کرتا ہے وہ جاہل و گمراہ ہے

بقول ملا معینؒ امام اعظم کے پیروکار کافر اور واجب القتل ہیں

دراسات اللبیب کی عبارت } من تعصب لواحد معین فھو ضال جاھل بل قد یکون کافراً یستتاب فان تاب والا قتل فانہ جعلہ بمنزلۃ النبی وذلک کفر

جو حنفی صرف امام اعظم کے لئے تعصب کرتا ہے وہ جاہل اور گمراہ ہے بلکہ وہ کبھی کافر بھی ہو جاتا ہے اور اس کو توبہ کروائی جائے اگر توبہ سے انکار کرے تو اس کو قتل کر دیا جائے کیونکہ اس نے وجوب اتباع میں امام اعظم کو مثل نبی بنا لیا ہے اور یہ کفر ہے۔

امام اعظم کی تقلید تمام برائیوں کی ماں ہے

الطوارق الذہب کی عبارت ثم ان کان للضلال ام فالتقلید امہ

اگر گمراہی کے لئے کوئی ماں ہے تو تقلید ہی اس کی ماں ہے۔

امام اعظم کی تقلید گمراہی اور ہلاکت ہے

معیار الحق کی عبارت { فاهرب عن التقليد فهو ضلالة ان المقلدين سبيل الهالك۔

ترجمہ: تقلید سے دور بھاگ وہ گمراہی ہے اور مقلد ہلاکت کی راہ میں ہے

شیخ سعدی کا اعلان کہ امام اعظم کی تقلید گمراہی ہے

بوستان کی عبارت { عبادت بتقلید گمراہیست
خنک رہروے را کہ آگاہیست

ترجمہ: تقلید کے ساتھ عبادت گمراہی ہے وہی سالک اچھا ہے جس کو آگاہی ہے

مولانا روم بھی تقلید کی مذمت کرتے کرتے مر گئے

مثنوی روم کی عبارت { مر مرا تقلید شان بر باد داد
کہ دو صد لعنت بران تقلید باد

ترجمہ: یہ تو یہ ہے کہ خاص کر مجھ کو تقلید نے برباد کیا ہے دو سو لعنت ایسی تقلید

سنی علماء کا اعلان کہ تقلید جہالت اور ضلالت ہے

مستطفی کی عبارت { ص ۳۸۴ ج ۲ اذا وجبت المعرفة كان التقليد تجهل
ترجمہ: جب معرفت واجب ہے تو تقلید جہالت

اور گمراہی ہے۔ نوٹ: حافظ محمد یوسف جے پوری سنی اہل حدیث نے
مذمت تقلید کی تمام حد ... لو اٹری میں پہلے شہیں دہ شیعت قد کرو ن میٹ ...

احناف کے امام اعظم کی تقلید کی گرتی ہوئی دیوار کو ایک دھکا اور

اہل سنت کی معتبر کتاب الروضۃ الندیہ ص۳۲

واما المقلد فهو يحكم بما قال امامه ولا يدري احق هو ام باطل وهو احد قاضي النار۔

بچارا مقلد امام اعظم کے قول کے مطابق حکم دیتا ہے اور یہ نہیں جانتا کہ یہ حکم غلط ہے یا صحیح بچارا حنفی عالم مقلد جہنم کے قاضیوں میں سے ایک ہے۔

سنی علماء کا فیصلہ کہ امام اعظم بچارا کیا چیز ہے

ابوبکر و عمر و عثمان جیسے صحابہ کی تقلید کرنا حرام اور گناہ ہے

نیل الاوطار ج۸ } وقد تقرر عند ائمۃ الاصول وغيرهم عدم حجية اقوال الصحابۃ
کی عبارت

کہ علماء اصول کے نزدیک یہ ثابت ہے کہ صحابہ کے ذاتی فرامین کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔

تفسیر فتح البیان ج۱۲۶ } اقوال الصحابۃ لا تقوم بها الحجۃ فضلا عن اقوال من بعدهم
کی عبارت

ترجمہ: صحابہ کرام کے فرمان کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور ان کے علاوہ امام اعظم وغیرہ کی تو شریعت میں کچھ بھی وقعت نہیں ہے

نوٹ:

سنی مولانا محمد یوسف حقیقۃ الفقہ میں لکھتے ہیں کہ قرآن اور حدیث اور صحابہ اور تابعین میں سے کسی کے فرمان میں امام اعظم کی تقلید کا کوئی ثبوت نہیں ملتا یہ بدعت چوتھی صدی میں شروع ہوئی ہے

امام اعظم کے مقلد حافظ محمد علی کو برادرانہ دعوت فکر

جناب حافظ صاحب آپ کی فقہ حنفیہ اور آپ کے مصنوعی اسلام کی تمام

جہاں بینی تقلید امام اعظم ابو حنیفہ نعمان بن ثابت کے صدقہ میں ہے اور آپ

کا یہ امام نہ نبی اولاد رسول اور نہ کسی اولاد صحابہ سے ہے پتہ نہیں کہاں سے آپ

نے اس کو نکالا ہے۔

کہاوت مشہور ہے کہ خشت اول چوں نہد معمار کج تا ثریا میرود دیوار کج۔

